Volume II
No. 14

SP. II-14-74(E)
400

# THE
# SENATE OF PAKISTAN
# DEBATES

## *OFFICIAL REPORT*

**Wednesday, April 17, 1974**

CONTENTS

| | PAGES |
|---|---|
| Point of order Re : Misreportings of the proceedings—(*Upheld*)... ... | 509 |
| Leave of Absence ... ... ... ... | 513 |
| Adjournment Motion Re : Press Release on Baluchistan situation—(*Ruled out of order*) ... ... ... ... | 513 |
| Message from the National Assembly Re : Adoption of the Service Tribunal (Amendment) Bill, 1974—(*Read out*) ... ... ... | 520 |
| Message from the National Assembly Re : Adoption of the Sukkar Barrage (Validation of Orders) Bill, 1974—(*Read out*) ... ... | 520 |
| The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974—(*Considered*) ... ... ... ... ... | 520 |
| Message from the National Assembly Re : Adoption of the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1974—(*Read out*) ... ... | 535 |
| The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974—(*Adopted*) ... ... | 535 |
| The Provincial Service Tribunals (Extension of Provisions of the Constitution) Bill, 1974—(*Adopted*) ... ... | 550 |

PRINTED BY THE MANAGER READING PRINTING PRESS 4 - URDU BAZAR, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATION, KARACHI

*Price : Ps. 50*

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

---

**Wednesday, April 17, 1974**

---

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half-past four in the evening, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

---

*(Recitation from the Holy Quran)*

---

## POINT OF ORDER RE: MISREPORTING OF THE PROCEEDINGS

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : *Mr. Chairman, Sir, I would like to make a submission. Yesterday, you would recall that this august House passed the Transfer of Property Ordinance (Repeal) Bill, 1974. In a nutshell I explained the objects and reasons of the Bill and there was a little bit of discussion—Khawaja Safdar spoke on the Bill and he opposed it on certain points and Mr. Shahzad Gul supported the Bill. But the newspapers have incorrectly reported the proceedings; the report is absolutely misleading.

**Mr. Chairman** : You are reading from which newspaper ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Jung—it is on the first page.

**Mr. Chairman** : I do not have that paper.

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : *I will produce them one by one.

جنگ ۱۷ اپریل ۱۹۷۴ء ''آج سینٹ نے یہاں دو بلوں کی منظوری دے دی ، جب کہ تیسرا بل قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا - آج جن بلوں کی منظوری دی گئی ان میں صنعتوں کی ترقی ، وفاق کنٹرول ترمیمی بل اور جائیداد کی منتقلی (کے خاتمے) کا آرڈیننس شامل ہیں - جس بل کو قائمہ کمیٹی کے سپرد کیا گیا ، وہ ماہی گیری کے بارے میں تھا - اس کے بعد اجلاس کل شام ساڑھے چار بجے تک کے لیے ملتوی ہوگیا - اس سے پہلے وفاقی وزیر رانا محمد حنیف نے جائیدادوں کی منتقلی کا بل ایوان میں پیش کیا - اس بل پر تقریر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس بل کا مقصد ان افراد کے انکم ٹیکس کی ادائیگی میں

---

*Speech not corrected by the honourable Minister.

[Ch. Mohammad Hanif Khan]

باقاعدگی پیدا کرنا ہے جو اپنی جائیداد کو فروخت کرنا چاہتے ہیں - انہوں نے کہا کہ آج کل لوگ اپنی جائیداد انکم ٹیکس کی کلیرنس کے بغیر فروخت کر دیتے ہیں - چنانچہ یہ بل ایسی بے ضابطگیوں کو ختم کر دے گا"۔

It is entirely a new thing. With the exception of one or two newspapers the others actually omitted to explain the objects and reasons of the Bill. It has been reported that Khawaja Safdar supported the Bill and Mr. Shahzad Gul opposed it, whereas the position is quite the reverse. I do not mean to bring aspersion on the newspaper correspondents. This might be a *bona fide* mistake. They were not in a position to understand the Bill. This morning before the National Assembly, I made a statement, wherein I mentioned that only one newspaper had misreported. But when I left the Assembly, I found that it was not only one paper but many newspapers had misreported. My humble submission is that this might lead to some kind of confusion and misunderstanding in the minds of the public, and therefore the matter needs correction. You will recall, Sir, that while I was speaking on the objects and reasons of this particular Bill, I had mentioned that in 1947 the non-Muslims were trying to evade income tax. They were asked to get a 'no objection certificate' from the Income Tax authorities before they could dispose of their property. Uptill now the position remained the same. Now, it is no more necessary, so this Bill was introduced. With the passing of the Bill, the clearance from the Income Tax authority is not to be submitted, and the right of an individual to dispose of his or her property in any manner he or she likes is safeguarded.

**Mr. Chairman** : Has the purport of your speech been misreported only in one newspaper or in other papers also?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : All the newspapers.

**Mr. Chairman** : More than two or three?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Nawa-i-Waqt also has misreported.

"سینٹ نے آج اپنے اجلاس میں دو بل منظور کر لیے - وفاقی وزیر محنت مسٹر محمد حنیف نے جو ان بلوں کی پیروی کر رہے تھے کہا کہ آخرالذکر آرڈیننس آزادی کے فوراً بعد اس غرض سے نافذ کر دیا گیا تھا کہ پاکستان سے بھارت جانے والے افراد ایک ایسا سرٹیفیکیٹ حاصل کئے بغیر اپنی املاک منتقل نہ کر سکیں جس سے ظاہر ہو کہ انکم ٹیکس کے تمام بقایاجات ادا کر دیئے گئے ہیں - اس بل کا مقصد ایسے افراد کی طرف سے جو اپنی املاک فروخت کرنا چاہتے ہیں انکم ٹیکس کی ادائیگی کو باقاعدہ بنانا ہے - مسٹر محمد حنیف نے کہا کہ اس وقت لوگ اپنے انکم ٹیکس کے بقایاجات ادا کیئے بغیر اپنی املاک فروخت کر دیتے ہیں - اس بل کا مقصد اس بے قاعدگی کو ختم کرنا ہے - حزب اختلاف نے اس بل کی حمایت کی - تاہم خواجہ محمد صفدر نے تجویز پیش کی کہ کم املاک کے مالکان کو محکمہ انکم ٹیکس سے کلیرنس سرٹیفیکیٹ حاصل

کرنے کی شق سے مستثنیٰ قرار دیا جانا چاہیے - مسٹر شہزاد گل نے بل کی حمایت کی اور کہا کہ اس بل کی بدولت انکم ٹیکس ادا نہ کرنے کی روک تھام ہو سکے گی - ایوان نے پاکستان میں ماہی گیری کے علاقہ میں مچھلیاں پکڑنے میں باقاعدگی پیدا کرنے سے متعلق بل مجلس قائمہ کے حوالے کر دیا'' -

**Mr. Chairman :** I hope there is no controversy between them.

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** I do not know, Sir.

''پراپرٹی آرڈیننس کو منسوخ کرنے کے بل پر تقریر کرتے ہوئے اپوزیشن کے خواجہ محمد صفدر نے کہا کہ پندرہ ہزار روپے کی مالیت کی جائیداد کی فروخت پر انکم ٹیکس سرٹیفیکیٹ کے حصول کا طریق کار ختم کر دیا جائے - انھوں نے کہا کہ جن لوگوں کے پاس غیرقانونی روپیہ ہے وہ اس سے فائدہ اٹھائیں گے - اپوزیشن کے مسٹر شہزاد گل نے کہا کہ کچھ لوگ بالخصوص دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد اپنی ضروریات کی وجہ سے جائیداد فروخت کرنے پر مجبور ہوتے ہیں لیکن سرٹیفیکیٹ کے حصول میں انھیں بہت زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے -

اس آرڈیننس کے تحت جائیداد فروخت کرنے والے شخص کے لیے لازمی قرار دیا گیا تھا کہ وہ فروخت سے قبل محکمہ انکم ٹیکس سے سرٹیفیکیٹ ضرور حاصل کر لے - یہ پابندی ۱۹۴۷ء میں عائد کی گئی تھی جب غیر مسلم افراد ملک چھوڑ کر جا رہے تھے اور اپنی جائیدادیں فروخت کر رہے تھے - اس لیے ان سے انکم ٹیکس وصول کرنے کے لیے سرٹیفیکیٹ کا حصول ضروری قرار دیا گیا تھا - دونوں بل مسٹر محمد حنیف نے وزیر پیداوار مسٹر جے اے رحیم کی بجائے پیش کیئے'' -

**Mr. Chairman :** So far as Pakistan Times is concerned, it has correctly reported the whole thing.

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** "Mashriq" has reported truly.

I think, this is correct, Sir : 'The Labour Minister Hanif said : This Ordinance militates against the constitutional rights of the individuals to dispose of their property.' Pakistan Times has correctly reported. Even Dawn has misreported. I have got all these newspapers.

**Mr. Chairman :** What I note is this that the proceedings and the speeches of the Minister concerned and the members of the Opposition have been correctly reported only by Pakistan Times. So, I would like the other newspapers also to toe the line of Pakistan Times and correct the whole thing in tomorrow's issue.

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Actually a long speech was made but nothing has been mentioned about that.

**Mr. Chairman** : You cannot force them not to indulge into incorrect reporting.

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : I am not asking not to do that. It is only for the sake of information.

**Mr. Chairman** : So, I would like the papers concerned, particularly 'Jung' to do correct reporting in tomorrow's issue just on the lines of Pakistan Times. I say all particularly the 'Jung' because Jung's banner headline is so misleading that it changes the whole structure, the whole thing.

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : 'Nawa-i-Waqt has also said the same thing.

**Mr. Chairman** : So, I hope that all the papers which have misquoted the proceedings with regard to the Transfer of Property Ordinance (Repeal) Bill would bring out tomorrow a correct reporting. They will correct their mistake. Only the Pakistan Times has correctly reported the proceedings and all the newspapers should toe the same lines. That was a repealing Bill. This Ordinance has been repealed by this Bill.

**مفتی ظفر علی نعمانی** : جناب والا ! میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ آج محترم وزیر کے خلاف غلط رپوٹنگ ہوئی ہے تو ایوان میں یہ مسئلہ آ گیا -

**جناب چیئرمین** : یہ بھی غلط رپورٹنگ ہے کہ آپ کہتے ہیں کہ وزیر صاحب کے خلاف غلط رپورٹنگ ہوئی ہے -

**مفتی ظفر علی نعمانی** : جناب والا ! ہمارے ساتھ ہر روز ایسا ہوتا ہے کہ غلط رپورٹنگ کی جاتی ہے - ہماری تقاریر اول تو آتی ہی نہیں اور اگر کبھی کبھی آ جاتی ہیں تو غلط رپورٹنگ ہوتی ہے - اگر آپ کوئی قانون بنا دیں تو محترم وزیر صاحب کی وجہ سے ہم لوگوں کو بھی حق مل جائے گا -

**جناب چیئرمین** : آپ کو اپنے حقوق اور اختیارات کا علم ہی نہیں ہے - آپ تو خود بل لا سکتے ہیں - یہ صرف حکومتی پارٹی کا اختیار ہی نہیں کہ وہ بل لائے - صرف منسٹر ہی بل نہیں لا سکتے -

**مفتی ظفر علی نعمانی** : میں رپورٹنگ کے بارے میں عرض کر رہا تھا -

**جناب چیئرمین** : میں کسی وقت اپنے اختیارات کا جائزہ لوں گا کہ کیا میں کسی اخبار کو مجبور کر سکتا ہوں کہ وہ خواہ مخواہ وہی کچھ لکھے جو میں کہوں ؟ مجھے یہ تو معلوم ہے کہ اگر غلط رپورٹنگ ہو تو پھر تو ہم اپنا حق استعمال کر سکتے ہیں لیکن میں معلوم کروں گا اور میرا خیال ہے کہ میرے پاس کوئی ایسا اختیار نہیں کہ میں کسی اخبار کو کہوں کہ نعمانی صاحب نے جو تقریر کی ہے اسے چھاپے -

**مفتی ظفر علی نعمانی** : میرے خیال میں وزیر اطلاعات و نشریات کو یہ

اختیار حاصل ہے کہ وہ کاغذ کا کوٹا بند کر دیتے ہیں ۔ اگر اخبارات ہم لوگوں کی تقریریں نہ دیں تو ان کا کاغذ کا کوٹہ بند کر دیں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ کی ہمدردیاں تو ہمیشہ اخبارات کے ساتھ رہی ہیں ۔ مجھے یاد ہے کہ خواجہ محمد صفدر نے نوائے وقت کے لیے تو سوال بھی کیا تھا اگر وہ اپنے محسن کا خیال نہیں کرتے تو میں کیا کہہ سکتا ہوں ۔

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Sir, there is some amount of misunderstanding in the mind of honourable Member. This is not misreporting particularly against me. This is incorrect reporting of the proceedings of the whole House and it was my obligation and duty to bring this matter to the notice of the Chair, and through you, Sir, to the notice of the whole House.

**Mr. Chairman** : This is misquoting and misreporting of the proceedings. As a matter of fact, Khawaja Sahib opposed the Bill, but some papers have given it as if Khawaja Sahib supported that Bill. Khawaja Sahib, you only suggested that you agreed, and you wanted certain points to bring to the notice of the Minister.

## LEAVE OF ABSENCE

**Mr. Chairman** : There is one application of Mr. Nargis Zaman Khan Kaiani.

''گذارش ہے کہ مجھے سانپ نے کاٹ لیا ہے اور میں ہسپتال میں داخل ہوں ۔ براہ کرم ۱۵ ، ۱۶ اور ۱۷ ، تین دن کی چھٹی عطا فرمائی جائے'' ۔

So leave is granted. Now, we take up adjournment motions. There is an adjournment motion by Khawaja Safdar. Yes, Mr. Mohammad Safdar.

## ADJOURNMENT MOTION RE : PRESS RELEASE ON BALUCHISTAN SITUATION

**Khawaja Mohammad Safdar** : Sir, I beg leave of the House for the adjournment of the business of the Senate to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the contents of the long awaited press release on the menacingly critical situation in Baluchistan is most disappointing, and is bound to deteriorate the situation further. This press release has, therefore, greatly disappointed the public of Pakistan.

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : This is opposed for the simple reason that because exactly on the same issue yesterday a similar adjournment motion was ruled out of order. I do not have to say anything more about it, because the whole thing was explained on the same adjournment motion on the same issue by the Minister. So, this adjournment motion cannot be brought again here.

**Mr. Chairman** : It is not substantially the same but exactly identical.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! مجھے محترم وزیر صاحب سے اتفاق ہے کہ

[Khawaja Mohammad Safdar]

کل قریب قریب اسی قسم کی ایک تحریک التواء قواعد کے مطابق نہیں پائی گئی تھی اور اس کو آپ کی رولنگ کے مطابق خلاف ضابطہ قرار دیا گیا تھا ۔ میں نہایت ادب سے آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اس مسئلہ پر اگر آپ کا یہ خیال ہو یہ تحریک التواء بھی کل کی رولنگ کی زد میں آتی ہے تو پھر میں یہ عرض کروں گا کہ جو گذارشات میں آپ کی خدمت میں کرنا چاہتا ہوں ان کی روشنی میں آپ اپنی رولنگ پر دوبارہ غور کریں ۔ جناب والا ! آپ نے رول ۷۱ کے حصہ ب کا اطلاق کل کی تحریک التواء پر کیا تھا ۔ آپ کا ارشاد یہ تھا کہ یہ definite matter نہیں ہے ۔ باقی جو اعتراضات محترم وزیر داخلہ نے اٹھائے تھے اس کے متعلق عمومی طور پر آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اس پر غور کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ ایک اعتراض کے متعلق آپ نے یقینی طور پر کہہ دیا تھا کہ یہ وارد ہی نہیں ہوتا ۔ حضور والا ! آپ نے اس پر بڑی طویل رولنگ دی تھی ۔ اگر میں درست طور پر بیان نہ کروں تو میری صحت فرما دی جائے ۔ اس مسئلہ کے تین ، بلکہ آپ نے ارشاد فرمایا تھا چار حصے ہیں ۔ ایک یہ ہے کہ فوج ۱۵ مئی سے اپنا آپریشن جو اس وقت جاری ہے بند کر دے گی ، جو لوگ بھاگے ہوئے ہیں ان سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ واپس آ جائیں اور عام معافی دے دی جائے گی ، جن لوگوں نے جرائم نہیں کئے ہیں ان کو چھوڑ دیا جائے گا ۔ علیٰ ہذالقیاس اس بناء پر کہ یہ چار حصوں میں تقسیم ہو سکتی ہے اس لیے single definite matter نہیں ہے ۔ یہ تھی جہاں تک مجھے یاد ہے حضور والا ! آپ کی رولنگ ۔ اب میں چند مثالیں آپ کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کروں گا جن سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ گورنمنٹ کی پالیسی کسی مسئلے کے متعلق جس میں کہ بیسیوں قسم کے مسئلے آ جاتے ہیں وہ زیر بحث آتی رہی ہیں ۔ مثال کے طور پر جناب Decision from the Chair—1941—45 میں Decision No. 360 صفحہ نمبر ۷ ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** ذرا مجھے دیکھنے دیجئے ۔

**Khawaja Mohammad Safdar**: "1941—45, Decisions of the Chair, Decision No. 360. ADJOUNMENT MOTION : MATTERS OF PROVINCIAL CONCERN. HOW FAR GOVERNMENT OF INDIA RESPONSIBILE FOR GIVING DIRECTIONS TO LOCAL GOVERNMENTS. Qazi Mohammad Ahmad Kazmi wished, through a motion for adjournment of the House 'to censure the Government of India for the reign of terror carried on by the Executive in India under the cover of Defence of India Rules, so as even to interfere with the administration of justice by arresting lawyers who defend persons charged with political offences, as is exemplified in the arrest and detention of Mr. Pardivalla at Lahore and of Pandit Baij Nath, Advocate of Agra, the latter of which cases has been commented upon by the honourable

the Chief Justice of the Allahabad High Court, who during the course of hearing observed 'It seems to me that these Defence of India Rules have paralysed us and we have got no power', as reported in the Dawn, dated the 5th February, 1944. Now Sir how many matters are being discussed or sought to be discussed by this adjournment motion. The Government Member objected on the ground that the particular cases cited were matters of provincial concern and that the Government of India had nothing to do with such individual local applications of Defence of India Rules; that the power of giving direction was only employed in cases where it was necessary to enforce a general policy on any province. The President observed that in one of the cases which formed the subject-matter of the adjournment motion, the Chief Justice had recorded a finding that it was unjustified and so on the facts before him he held that the motion was in order'. So, the whole motion held to be in order."

آپ غور فرمائیے ۔ دو وکیل ایک لاہور میں گرفتار ہوا اور ایک آگرہ میں ہوا ۔ پھر اس کے علاوہ تحریک التواء میں یہ بھی الزام تھا کہ عدالتوں پر بھی انتظامیہ اثر انداز ہو رہی ہے ۔ پھر تیسرا الزام یہ تھا کہ اس قدر خوف اور دہشت پھیلائی گئی ہے ڈیفنس آف انڈیا رولز کے تحت کہ سارا ملک paralysed ہوگیا ہے ۔ یعنی چار ، پانچ مسئلے اکٹھے کر دیئے گئے ہیں ۔

Now, I refer you, Sir, to the other book 1921—40, page 7, Decision No. 13. "ADJOURNMENT MOTION · TO DISCUSS CERTAIN EVIDENCE TENDERED BY THE SECRETARY OF STATE FOR INDIA BEFORE JOINT COMMITTEE : POSTPONED IN ORDER TO GET FULLER REPORT OF THE EVIDENCE. An adjournment motion was based on the evidence tendered by the Secretary of State for India before the Joint Committee in London. The Government stated that they had got some scrappy telegraphic summaries of this from London and asked for postponement of consideration of the motion to a later day so as to enable them to get full materials. The President agreed to postponing the motion and stated that he would waive the objection on the ground of urgency. The Member, who had given notice of the motion, repeated it on the 7th December, 1933, and it was also held in order.

**Mr. Chairman :** This would not be applicable.

**Khawaja Mohammad Safdar :** The executive Member of the Government of India must have made a long statement about certain matters. My submission is......

**Mr. Chairman :** We do not know whether this motion was allowed.

**Khawaja Mohammad Safdar :** This was discussed, Sir on 21st November, 1933 and 7th December, 1933, page 2013 and L.A. Deb. 7 December, 1933 P. 2722.

**Mr. Chairman :** I do not know whether it was admitted on what ground, as it was ruled out ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** It was not ruled out. It was admitted.

**Mr. Chairman :** Where is it ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** You can have the original report, Sir.

**Mr. Chairman** : It might be the admissibility which was discussed, not actually the merits.

**Khawaja Mohammad Safdar** : No Sir, the merits were discussed.

**Mr. Chairman** : I do not know.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Now Sir, Decision No. 14. ADJOURNMENT MOTION : BASED ON DECISIONS OF GOVERNMENT ON A REPORT : MOTION POSTPONED TO ENABLE MEMBERS TO STUDY THE REPORT. A member desired to move an adjournment motion in connection with the decisions of His Majesty's Government, on the recommendations of the Capitation Tribunal. The report of the Tribunal was published in the papers on the previous day and a copy of the report was supplied to Members on the previous nights. In these circumstances on representation being made to the President, he suggested to the Member if he would postpone his motion. The Member agreed to this course and the motion was made on the next available day, which happened to be the first day of the next Session. L.A. Debate 22 December, 1933, p. 3066." This motion was also admitted and debated upon.

Then, I refer you to No. 1, Sir. ADJOURNMENT MOTION : DISCUSSION OF FOREIGN POLICY, *e.g.*, SENDING OF INDIAN TROOPS TO CHINA : OUT OF ORDER : BUT DISCUSSION OF ACTION OF GOVERNMENT OF INDIA IN ORDER :"

**Mr. Chairman** : Discussion of sending troops to China out of order and discussion of action of Government of India in order.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Please see page 12, last lines. "He can, if he wishes, meet the Legislature in that way. But, as I say, it is not my fault that the Home Member finds himself in a difficult position. For all these reasons, I rule that the motion, restricted as it is on a single narrow issue, is in order."

**Mr. Chairman** : One minute.

"That the motion, restricted as it is on a single narrow issue, is in order." In other words, that adjournment motion contained two matters.

**Khawaja Mohammad Safdar** : No, Sir, adjournment motion could not be discussed—that is all the objection. Foreign Policy of the Government of India could not be discussed.

**Mr. Chairman** : You do not listen to me what I say. I say that the adjournment motion related to two matters—Foreign Policy and action of the Government of India. The matter with regard to the Foreign Policy was ruled out, while the adjournment was allowed on one restricted issue, namely action of Government of India. Am I correct now ?

**Khawaja Mohammad Safdar** : It is simply out of order—Page 12...

**Mr. Chairman** : I have read the whole thing. Discussion on Foreign Policy, that is to say.........

**Khawaja Mohammad Safdar** : .....could not be discussed through an adjournment motion. That is the crux of the matter.

**Mr. Chairman** : I say that the adjournment motion related to two matters : sending of troops to China and discussion of the action of the Government of India. t was ruled by the Chair that so far as one matter was concerned, namely, sending of troops to China it related to the Foreign Policy and, therefore, that matter was out of order, and was ruled out.

In other words, half of the adjournment motion was ruled out. Am I correct ?

**Khawaja Mohammad 'afdar** : Not on the specific grounds, but on some other grounds.

**Mr. Chairman** : On some other grounds, because two matters were separated. The gist of the whole thing or the crux of the whole thing is that that adjournment motion related to two different matters : sending of troops to China would have brought in the Foreign Policy. The discussion on it was ruled out. The action of the Government of India, dealing with something else, that was allowed. This is exactly what I say.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Let me give other example. This is, Sir, House of Commons-1969—70, Parliamentary Debates Volume 801—March 4 to May 29—page 36.

**Mr. Chairman** : We have not got that book.

**Khawaja Mohammad Safdar** : They have got other copies in the Library.

May I read it. Sir ?

**Mr. Chairman** : Yes.

**Khawaja Mohammad Safdar** :"... . Mr. Michael Foot : I beg to ask leave to move the adjournment of the House under standing Order No. 9 for purpose of discussing a specific and important matter that should have urgent consideration, namely :

> "The need for immediate British diplomatic action, including strong protest against the latest military activities of the United States Forces, in Cambodia and North Vietnam......" both different countries, " to prevent an extension of the war in Indo-China and the destruction of all hopes of a political settlement..."

So many issues are brought together. Sir, the leave was granted on the same day. The leave of the House having been granted this was discussed the next day—on the 5th May.

Now, Sir, my submission is that if I name a certain gentleman A, that means he is a specific entity. But somebody else can say : No, it has so many parts—he has got hands, he has got head, he has got two ears, two legs and two feet, and all these entities are separate—this is what is happening to my adjournment motion I say that the statement issued by the Government is one specific matter—single specific matter, and now if it is to be bifurcated or divided into four, five and six parts, then, of course, man can also be divided. One can say that his legs can be separated, and similarly, his hands, his nose and so on can be separated Therefore, I would

[Khawaja Mohammad Safdar]

respectfully submit that the statement in question is a single specific matter, which was issued by the Federal Government two days back. It may have contained so many other issues but that is immaterial, just as I have pointed out to your honour in certain decision from the Chair that statement given by an Executive Member of the Central Government of India before a Select Committee might have covered so many issues.

The other gentleman, who gave notice of adjournment motion was to the effect that one lawyer was arrested at Lahore and the other lawyer was arrested at Agra, and there are so many other things contained in that single issue. It was held to be a specific matter, because these actions were taken under the Defence of India Rules.

Therefore, Sir I will very respectfully submit that you will please reconsider. It is not necessary that your Honour may announce your ruling or judgement just now. You may consider it at leisure and announce ruling tomorrow or day after tomorrow, whenever you please. But I would respectfully submit that these rulings may be taken into reconsideration and in the light of these rulings and so many other rulings, which the office can produce before you.

**Mr. Chairman** : There is no difficulty, you see, in reconsidering these rulings. I may particularly refer to the ruling you quoted just now—1921—1940, adjournment motion No. 18, page 10. As I pointed you out earlier that adjournment motion raised discussion on two different matters : one, the action of the Government of India ; and the second, discussion on the Foreign Policy of the Government. One related to sending of troops to China, which can be within the mischief of the discussion of the Foreign Policy, which was prohibited. The other was the action of the Government of India, which the mover was quite confident to bring before the House for discussion. So, the Chair separated two issues. The adjournment motion related to two issues together, but the Chair separated one issue from the other. There cannot be disagreement on this understanding, as I have said and as you have the same view that the two issues were separated and it was held by the Chair that so far as one : sending of troops to China was concerned, that relates to Foreign Policy, and therefore, it was out of order.

The action of the Government of India, which was a definite, specific, and one issue, which that adjournment motion sought to discuss, that was held to be in order. Now, I am proceeding on the same lines with regard to this press release.

**Khawaja Mohammad Safdar** : What about others ?

**Mr. Chairman** : What about this? I am first discussing this ruling you have cited.

**Mr. Shahzad Gul** : All these matters are contained in one statement.

**Mr. Chairman** : And in support of your argument, you have cited this ruling. I am discussing this. Similarly, if you take up this press release, it relates to four different matters. It raises four different issues, namely : (1) secession of the army operations, suspension of army operations, withdrawal of army operations, you can call it anything—suspension, withdrawal or secession of army operations from 15th May—this is one definite issue, (2) general

amnesty to all the prisoners except those who are accused of serious criminal charges, (3) invitation to all those who fled from Baluchistan to come back to their homes ; and (4) the continuance of the development work in Baluchistan. These are four different issues. Now, I put it to you to separately tell me which specific issue do you want to discuss. I leave it to you. I tell you just on the lines of the motion you have cited that it was related to two political issues, and they were separated and then one was held in order and the other was held out of order. Now, this press release relates to four different issues, as I have already explained and everybody knows. So, you tell me which particular definite specific issue do you want to be discussed by this House through this adjournment motion.

**Mr. Shahzad Gul** : These four issues are contained in one press release.

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Point of order, Sir. Sir, the adjournment motion before you contains four different issues.

**Mr. Chairman** : Am I going wrong ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : No, Sir, you are perfectly correct, but the question is that you invite the Opposition to select any one of the four issues.

**Mr. Chairman** : Oh, no, no, you have misunderstood me. That is not the case. For God's sake you resume your seat. When you are on your legs, how can I speak? You have misunderstood me. I am not inviting the Opposition to select or pick up one of the issues. What I want to tell the Opposition is that your adjournment motion relates to four different issues, but if you say that it is one, then you tell me which is that issue which you want to be discussed by this House. I want just that issue.

**Ch Mohammad Hanif Khan** : Then the admissibility of that issue will be discussed.

**Mr. Chairman** : Yes, then I will have to give you an opportunity and to them also to discuss the admissibility of that issue. If they want to raise a complaint with regard to the general amnesty of prisoners, then I will say, "All right you first tell me about the admissibility of this matter. So, now you just tell me which issue do you want to discuss—I can't allow four.

**Mr. Shahzad Gul** : I am submitting that we consider that this whole press release of the Government is one specific matter, one specific issue. All these things may consist of so many words and so many sentences but it is one issue. All these matters are allied and inter-connected matters, and it is one specific issue of urgent importance. It cannot be separated because they are inter-connected. It should either be rejected as a whole or be accepted as a whole. It is one issue, one political issue in the country. That is all.

**Mr. Chairman** : All right, I hold......

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar** : Point of order, Sir.

**Mr. Chairman** : Yes, what do you want me to do ?

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar** : Your ruling, Sir.

**Mr. Chairman** : But why was it necessary to raise this point of order that I should give my ruling. After having heard, I was going to say something and, probably, it may have turned out to be a ruling. You rose on a point of order and what was that point of order ?

**Mr. Ahmad Waheed Akhtar** : Sir, half an hour has gone. The time of adjournment motion is now over.

**Mr. Chairman** : You should have said like that. Khawaja Mohammad Safdar, I hold that this adjournment motion relates to four different issues, all put together in one adjournment motion. It is hit by para (b) of rule 71, because according to that para you can bring only one political specific issue for discussion in the House. I, therefore, don't allow this adjournment motion and rule it out of order.

(Interruption by Mr. Shahzad Gul)

**Mr. Chairman** : You don't challenge my ruling.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Then, as a protest, we walk out.

(The Opposition then staged a walked out)

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY RE : ADOPTION OF THE SERVICE TRIBUNAL (AMENDMENT) BILL, 1974

**Mr. Chairman** : There is a message from the Joint Secretary of the National Assembly addressed to Secretary, Senate Secretariat.

"Sir, in pursuance of rule 112 of the rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the Service Tribunal (Amendment) Bill, 1974, passed by the Senate with amendments, was reconsidered by the National Assembly and again passed on the 16th April, 1974, with amendments made by the Senate. A copy of the Bill as passed by the National Assembly is re-transmitted herewith. Kindly acknowledge the receipt."

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY RE : ADOPTION OF THE SUKKAR BARRAGE (VALIDATION OF ORDER) BILL, 1974

**Mr. Chairman** : There is another message too, from Joint Secretary, National Assembly addresssd to the Senate Secretariat :

"Sir, in pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that National Assembly passed the Sukkur Barrage (Validation of Orders) Bill, 1974 on 17th April, 1974. A copy of the Bill is transmitted herewith. Kindly acknowledge the receipt."

Yes, we take up legislative business.

## THE DISPLACED PERSONS (LAND SETTLEMENT) (AMENDMENT) BILL, 1974

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Sir, I beg to move :

"That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in

regard to the Bill further to amend the Displaced Persons (Land Settlement) Act, 1958 [The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be dispensed with."

**Mr. Chairman** : The motion moved is :

"That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill further to amend the Displaced Persons (Land Settlement) Act, 1958 [The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be dispensed with."

**Khawaja Mohammad Safdar** : Opposed.

**Mr. Chairman** : Do you want to say anything ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Sir, it is a very simple Bill. When this Bill was referred to the Standing Committee actually at that time these amendments were there and it has now come back from the Standing Committee without any amendments. There are no fresh amendments. Amendments remain the same. The only object is that we should waste no time. It is very simple Bill. Amendments are already there as they were when it was referred to the Standing Committee. No fresh amendments have been made. So, this motion may please be adopted, otherwise we will only be wasting the time of the House.

**خواجہ محمد صفدر** : جناب والا! مجھے محترم وزیر صاحب سے اس مسئلہ میں اختلاف ہے اور بنیادی طور پر میں سمجھتا ہوں کہ قواعد اس لیے بنائے جاتے ہیں کہ ان پر عمل کیا جائے - ہاں اگر بعض اوقات ایسے ہنگامی حالات ہوتے ہیں - - -

**جناب چیئرمین** : مجھے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی کوئی ضرورت ہی نہیں ہے - رول ۸۳ کا استعمال ہم بھول گئے تھے ، اب انھوں نے ہمیں یاد دلایا ہے - کسی زمانے میں تو اس کا استعمال بہت ہوتا تھا -

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : This item should not be on the Orders of the Day at all.

**Khawaja Mohammad Safdar** : Change the Rules.

جناب والا! میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حقیقت میں میری اور میرے دوست شہزاد گل کی ترامیم out of order ہیں -

**جناب چیئرمین** : out of order ہیں اور پھر بھی ؟

**خواجہ محمد صفدر** : جناب والا ! میرا خیال تھا کہ میرے محترم دوست

[Khawaja Mohammad Safdar]

رانا صاحب اس امر کی نشاندہی کریں گے لیکن پھر مجھے ہی یہ بتانا پڑا۔ ترمیم میں as reported by Standing Committee لکھنا ضروری تھا۔

**چوہدری محمد حنیف خان :** اب درستی کر لی ہے۔

**خواجہ محمد صفدر :** خیر اب تو میں عرض کر رہا ہوں۔ جناب چیئرمین ! میں اپنے محترم دوست رانا محمد حنیف صاحب کی خدمت میں یہ گذارش کروں گا کہ یہ قانون پہلے ۱۹۵۸ء میں پاس ہوا تھا اس کے بعد دوسری بار ۱۹۷۲ء میں قانون نمبر ۲۸ کے ذریعہ اس میں ترمیم کی گئی۔ پھر قانون نمبر ۵۵ مجریہ ۱۹۷۳ء کے ذریعہ ہوئی۔ اب تیسری بار پھر ڈیڑھ سال کے اندر اس میں ترمیم کی جا رہی ہے خدارا اس طرح قانون کی مٹی پلید نہ کیجیے۔ اگر آپ بہت مصروف ہیں اور اس طرف توجہ نہیں دے سکتے تو کسی دوسرے شخص کو موقعہ دیں کہ وہ آپ کی خدمت میں اس قانون کے متعلق مشورہ دے سکے۔ قانون سازی میں آپ کی مدد کر سکے۔ تو اس صورت حال میں میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ مسودہ قانون قابل قبول نہیں ہے اور اس کو قبول نہیں کرنا چاہیے۔

**Mr. Chairman** : I put the question.

The question before the House is :

> "That the requirement of sub-rule (2) of rule 83 of the Rules of Procedure and conduct of Business in the Senate, 1973, in regard to the Bill further to amend the Displaced Persons (Land Settlement) Act, 1958 [The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be dispensed with."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman** : The requirements of sub-rule (2) of rule 83 stand dispensed with.

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : I beg to move :

> "That the Bill further to amend the Displaced Persons (Land Settlement) Act, 1958 [The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Mr. Chairman** : The motion moved is :

> "That the Bill further to amend the Displaced Persons (Land Settlement) Act, 1958 [The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**Khawaja Mohammad Safdar** : Opposed.

**Mr. Chairman** : You may say if you want to say anything in support of your motion.

**خواجہ محمد صفدر** : میں صرف اس کی مخالفت کے لیے کھڑا ہوا ہوں۔ اگر پہلے محترم وزیر صاحب کچھ کہنا چاہتے ہیں تو میں بعد میں عرض کرلوں گا۔

**چوہدری محمد حنیف خان** : *جناب والا! پیشتر اس کے کہ میں اس بل کا مقصد عرض کروں، یہ بتانا چاہتا ہوں کہ اس کی کئی بار وضاحت کی جا چکی ہے اور اس کے لیے مناسب کارروائی کی جا رہی ہے۔ جہاں تک قوانین بنانے اور جاری کرنے کا تعلق ہے، اس پر ہر ممکن پابندی کی جا رہی ہے۔ اس میں اور کوئی بات نہیں ہے، صرف دو چیزیں ہیں۔ جناب والا! یہ اعتراضات آئے تھے اور یہ اطلاعات صحیح بھی ہیں کہ بہت سی بوگس الاٹمنٹس ہوئی ہیں، دھاندلیاں ہوئی ہیں، غیر قانونی طور پر الاٹمنٹس ہوئی ہیں اور ان لوگوں کا کوئی محاسبہ نہیں ہوا، حالانکہ بعض اوقات متعلقہ محکمہ کو ایسی اطلاعات بھی دی گئی تھیں۔ تو جناب والا! ان اطلاعات اور تفصیلات کے بعد یہ قانون بنایا گیا ہے کہ جب کوئی شخص اس قسم کی اطلاع دے گا اسے انعام دیا جائے گا۔ ناجائز طور پر الاٹ شدہ جو ہیں cancel کر دی جائیں گی اور اس زمین میں سے informer کو زمین دی جائے گی۔ اگر informer نے اس زمین کے لیے پہلے claim کر رکھا ہو تو یہ زمین اسے دے دی جائے گی اور اگر اطلاع دینے والے نے اس غیر قانونی طور پر الاٹ ہونے والی زمین کے لیے claim نہیں کیا ہوا تو اسے دس روپے فی یونٹ کے حساب سے انعام کے طور پر دیئے جائیں گے اور یہ نہیں ہے کہ اس قانون کے پاس ہو جانے کے بعد جو اطلاع دے گا صرف وہی فائدہ اٹھا سکے گا بلکہ اس سے پہلے بھی اگر کسی نے اس قسم کی اطلاع دی ہے تو وہ بھی اس سے فائدہ حاصل کر سکے گا۔ اس کا یہ حق ہے کہ وہ اس سے فائدہ اٹھائے۔

دوسرے موروثی مالکان کے متعلق ہے پنجاب اور این۔ ڈبلیو۔ ایف۔ پی میں دو قانون ایسے ہیں اور ایک خاص قسم کی جو tenancy تھی جس کی وجہ سے اس کا قیام معرض وجود میں آیا اس کی صورت حال یہ ہوتی تھی کہ جو tenant شرائط پوری کر دیتا وہ مالک بن جاتا۔ یہ tenancy ایسی تھی جو کسی وقت بھی ختم کی جا سکتی تھی اور یہ tenancy ورثہ میں ملا کرتی تھی اور جو تمام شرائط پوری کرتا وہ مالک بن جاتا تھا اس میں حکومت کا مقصد یہ ہے کہ اس قسم کے tenant کو مکمل

*Speech not corrected by the honourable Minister.

[Ch. Mohammad Hanif Khan]

مالک بنا دیا جائے۔ اس صورت حال میں چار قسم کے لوگ آ سکتے ہیں۔ جناب والا! میں Punjab Tenancy Acts 1887 اور N.W.F.P. Act, 1950 یہ دو ایکٹ ہیں جن کے بارے میں میں عرض کروں گا۔ اس میں پہلی قسم کے لوگ آ سکتے ہیں۔ اس کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی کہ یہاں سے ہندوؤں کے جانے کے بعد ایسی صورت حال پیدا ہو گئی اور بعض claimant ایسے ہیں جن کو زمین الاٹ ہو چکی لیکن ان کو ان کا حق نہیں دیا جا سکتا، جب تک اس قانون میں تبدیلی نہ کی جائے۔ اگر اس کا مالک مسلمان ہے اور مزارع بھی مسلمان ہو تو پھر کسی بات کا تنازعہ نہیں ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ مالک مسلمان ہو مزارع ہندو تھا وہ دوسری صورت ہے اور ہندو مزارع یہاں سے migrate ہو کر چلا گیا۔ ایسی زمینیں سٹلمنٹ نے الاٹ کر دیں لیکن وہ claimants مالک نہیں بن سکتے تھے چونکہ اس زمین کے ساتھ چند شرائط attached ہیں وہ شخص چلا گیا چونکہ اس نے بعد میں شرائط پورا کرنا تھیں۔ لیکن اب claimants اس لیے مالک نہیں بن سکتا کہ وہ شرائط پوری نہیں کرتا۔ تیسری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ ہندو مالک تھا اور مسلمان مزارع تھا۔ اب چونکہ اس میں ہندو مالک تھا اور وہ چلا گیا ہے لہذا اب یہ متروکہ جائیداد بن گئی ہے۔ اور آخری چوتھی شکل یہ تھی کہ مالک بھی ہندو اور مزارع بھی ہندو وہ دونوں چلے گئے اس قسم کی زمین الاٹ ہو چکی ہے۔ اب اگر صورت حال یہ ہو کہ مسلمان مالک ہے اور مسلمان مزارع ہے تو کوئی جھگڑا نہیں ہے۔ اگر ہندو مالک ہے اور مسلمان مزارع کو یہ زمین الاٹ ہو چکی ہے تو وہ claimant کی بجائے چیف سٹلمنٹ کو پیسے دے گا اور یہ شرائط پوری کرے گا تاکہ کلیم کا پورا مالک بن سکے، کیونکہ وہ تمام شرائط پوری کی جاتی تھیں تب ہی مالک بن سکتا تھا۔ تو وہ on behalf of claimant پیسہ دے گا۔ دوسری صورت میں ہندو مالک چلا گیا مسلمان مزارع ہے مسلمان نے شرطیں پوری کرنی ہیں۔ وہ چیف سیٹلمنٹ کمشنر کو پیسہ دے کر مالک بن سکتا ہے۔ ایک شکل میں تو چیف سٹلمنٹ کو پیسہ دینا ہوگا جہاں یہ زمین claimant کو الاٹ ہو چکی ہے دوسری شکل میں سٹلمنٹ کمشنر سے پیسہ حاصل کرے گا۔ مسلمان مزارع کی شکل میں یہ ہے کہ چونکہ اس کا مالک ہندو تھا لہذا مسلمان مزارع اس شکل میں مالک بن سکے گا۔ اس طریقہ سے دونوں مزارعین زمین کے مالک بن جائیں گے۔ ایک طرف سے پیسہ آئے گا دوسری طرف دے دیا جائے گا۔ کوئی جھگڑا نہیں رہے گا بلکہ دوسری قسم میں claimant یہ رقم ادا کرے گا۔ پنجاب اور سرحد نے باقاعدہ recommendations بھیجی ہیں۔ اس طرح دونوں صورتوں

میں لوگ مالک بن جائیں گے اور لوگوں کو تسلی ہو جائے گی کہ زمین اپنی ہے اس بل سے دونوں مقاصد پورے ہو جائیں گے -

**Agha Ghulam Nabi Khan** : Point of information.

جناب والا ! میں

(*Interruption*)

**Mr. Chairman** : Press the button.

**آغا غلام نبی خان** : جناب والا ! میں وزیر متعلقہ سے پوچھ سکتا ہوں کہ ان چار قسموں میں میرے صوبے میں cent per cent مسلمان مزارع ہیں اور cent per cent مالک ہندو ہوتے تھے - ان کی زمین متروکہ جائیداد declare ہوگئی ہے - وہ سب ہندو چلے گئے ہیں - وہ زمین اور occupancy rights جو تھے وہ مسلمان کے ہیں وہ تمام زمین مہاجرین کو الاٹ کر دی - میں پوچھتا ہوں کہ ان کا کیا ہوگا ؟ وہ ساری رقم ادا کر دے اور تمام شرائط پوری کرے کیا وہ زمین مزارعوں کو دی جائے گی ؟

**چوہدری محمد حنیف خان** : بالکل اسی مقصد کے لیے یہ قانون لایا جا رہا ہے - اگر مزارع مسلمان ہے اور مالک ہندو تھا وہ چلا گیا ہے تو اس مسلمان مزارع سے زمین نہیں لی جائے گی - اس کو شرائط پوری کرنا ہوں گی -

**جناب ایم رفیع رضا** : جناب والا ! جو رقبہ الاٹ ہو گیا ہے ؟

**چوہدری محمد حنیف خان** : وہ یہ ہے کہ اگر کلیم دے کر الاٹ ہوا ہے یا اس پر مسلمان occupancy tenants ہیں ان کو حق ہوگا اور اس قانون میں occupancy tenants کو صرف شرائط پوری کرنا ہوں گی چونکہ اب مالک کی جگہ چیف سٹلمنٹ کمشنر ہوگا جس کو وہ پیسے دیں گے - تب ہی مالک بنیں گے - ایک information اور ہے - with your permission

**Mr. Chairman** :Yes.

**چوہدری محمد حنیف خان** : میں نے کہا تھا کہ informer کو دس روپے فی یونٹ ملیں گے - I was wrong یہ ایسا ہے کہ سٹلمنٹ کمشنر کی صوابدید ہے کہ وہ جتنا سمجھے اس کو اس کا انعام دے -

**جناب چیئرمین** : جی خواجہ صاحب -

**خواجہ محمد صفدر** : جناب والا ! اس ترمیمی بل کے تین مقاصد وزیر صاحب نے بیان کیے ہیں - اس سے مجھے اتفاق نہیں ہے اس کے دو مقصد ہیں - پہلا مقصد کلاز ۲ پارٹ 1 میں ھے - اس کا تعلق اس بات سے ہے کہ جن مہاجرین کو آج تک ان کے کلیم کے خلاف کوئی الاٹ منٹ نہیں ہوئی ہے اور اگر ہوئی ہے تو ان کے کلیم زیادہ ہیں الاٹ منٹ کم ہوئی ہے ، اس کے لیے چیف سٹلمنٹ کمشنر ...

[Khawaja Mohammad Safdar]

اسکیم بنائی ہے وہ اسکیم یہ ہے کہ ان کو دوسری صورت میں بقیہ زمین دے دی جائے یا ان کو نقد معاوضہ دیا جائے۔ ان کے بقیہ کلیم کا معاوضہ بانڈز کی شکل میں دیا جائے گا۔ ان بانڈز کو تین سال کے بعد cash کرایا جاسکے گا۔ ان بانڈز پر کوئی سود نہیں دیا جائے گا۔ ایک مقصد تو یہ ہے۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ جیسا کہ محترم وزیر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس محکمہ میں گھپلا ہے یعنی جعلی الاٹ منٹس کی گئی ہیں۔ اس میں کوئی اختلاف نہیں کر سکتا۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ محترم وزیر صاحب نے موجودہ شکل رکھ کر اس کلاز کو محدود کر دیا ہے۔ اگر وہ دعویدار ہوگا تو اس کو اس قدر اراضی مل سکتی ہے، جتنا اس کا دعویٰ ہو۔ لیکن اگر دعویدار نہیں ہو، مہاجر ہو، غیر دعویدار مہاجر ہو یا مقامی ہو، تو اس صورت میں چیف سیٹلمنٹ کمشنر کی صوابدید پر ہے کہ وہ کسی انعام سے اسے نواز دیں۔ وہ انعام چاہے دس روپے ہو، ہزار ہو، پانچ ہزار ہو یا پانچ ہو۔ یہ بات اس قانون میں واضح نہیں ہے۔ اس لیے یہ اس میں سقم ہے۔

جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ بوگس الاٹمنٹ کی نشان دہی درست طور پر ہو، اس کے لیے لازمی ہے کہ اس کے دائرۂ کار کو زیادہ سے زیادہ وسیع کریں اور غیر دعویدار مہاجرین کو بھی، اگر وہ کسی بوگس الاٹمنٹ کی نشاندھی کریں، تو انھیں کم از کم subsistence economic holding تک، یعنی ۲۵ آبپاش ایکڑ اور ۵۰ غیر آب پاش ایکڑ تک زمین دی جائے۔ یہ ان کو مزید persuade کرنے کے لیے ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ چھبیس ستائیس سال کے بعد بوگس الاٹمنٹ تلاش کرنا بڑا مشکل ہے۔ اس پر ہزاروں روپے صرف ہوں گے تاکہ وہ ثابت کر سکیں کہ فلاں الف نے بوگس الاٹمنٹ کرائی ہوئی ہے۔ وہ کیوں خواہ مخواہ مختلف دفتروں میں مارا مارا پھرتا رہے اور جیب سے پیسہ خرچ کرتا پھرے کہ بعد میں اسے وہ اراضی مل جائے گی۔ محض موہوم امید پر وہ زندہ رہے کہ شاید چیف سیٹلمنٹ کمشنر اسے ہزار دو ہزار روپیہ دے دیں۔ اس لیے اس کا دائرۂ کار وسیع کرنا چاہیے۔ اگر ہماری حکومت کی نیت اس محکمے کو ختم کرنے کی ہے تو اس کا دائرۂ کار زیادہ سے زیادہ وسیع کریں۔ تمام بوگس الاٹمنٹس کا کھوج لگا کر انھیں منسوخ کرنا چاہیے۔

رانا صاحب نے جس دوسری بات کے متعلق استفسار فرمایا تھا، مجھے ان سے اتفاق نہیں ہے بل کی موجودہ شکل میں اس بل کے وہ معنی نہیں نکالے جا سکتے جو وہ نکال رہے ہیں۔ اس بل کی کلاز ۳ میں دو Tenancy Acts کا حوالہ دیا گیا ہے پنجاب کا Tenancy Act اور ایک N.W.F.P. کا۔ میرے علم کے مطابق یہ غلط

ہے - ایکٹ مزارعین پنجاب کی دفعہ ۱۱۴ جیسی دفعہ فرنٹیئر کے ایکٹ مزارعین میں بھی ہے جس کے ذریعے موروثیت ختم کر دی گئی تھی - میرے علم میں ایسا کوئی قانون سندھ میں نہیں ہے جس کے ذریعے موروثیت ختم کی گئی ہو - اگر ختم نہیں کی گئی تو پھر ان کا اعتراض نہیں پیدا ہوتا اور محترم وزیر صاحب کا جواب بالکل غلط ہے -

پاکستان میں اس موضوع پر یہ دو قانون ہیں اور آپ کو یاد ہوگا جناب چیئرمین! کہ ۱۹۵۱ء میں پاکستان مسلم لیگ کے منشور کے تحت یہ اصلاحات کی گئی تھیں کہ موروثیت کو ختم کیا جائے اور موروثی مزارعین کو مالک بنایا جائے جو کہ پنجاب میں بن چکے ہیں - اگرچہ اس قانون پر مکمل طور پر عمل درآمد نہیں کیا جا سکتا تھا کیونکہ آٹھ دس سال سے نوٹیفیکیشن کے تحت مالکانہ جمع کرانے کی میعاد ختم ہو چکی تھی - ۱۹۷۱ء میں دوبارہ notification کیا گیا - ایک سال کی اور میعاد دی گئی کہ اگر کچھ مزارع رہ گئے ہیں تو وہ پیسے ادا کر کے اراضی کی ملکیت حاصل کر لیں -

حضور والا! دراصل یہ ایک بہت بڑا سقم بحالیات کے قانون میں تھا - بیس بائیس سال سے مقامی مزارع اور مالک تو تصفیہ کر بیٹھے تھے - مگر اپنی ملکیت اور مزارعت کا تصفیہ موجودہ بحالیات کے قانون کے تحت مالک اور مزارع میں نہیں ہو سکتا تھا - اس لیے کہ قانون اس بات کی گنجائش نہیں دیتا اب جناب والا! یہ چار صورتیں نہیں ہیں ، جیسا کہ محترم وزیر صاحب نے فرمایا ہے - صرف دو صورتیں ہیں - جہاں مسلمان مالک اور مسلمان مزارع تھے - وہاں تو مزارع کو اراضی مل گئی تھی - اس نے ادائیگی کر دی ہوگی - وہ مالک ہے - قانون بحالیات سے اس کا کوئی تعلق نہیں - صرف اس صورت میں تعلق ہے کہ مالک ہندو تھا ، وہ ترک وطن کر گیا اور مزارع مسلمان تھا - اب اس قسم کے کیس پنجاب میں باقی ہیں - فرنٹیئر میں بھی موجود ہیں -

اس وقت صورت حال یہ تھی کہ مالکانہ حقوق مہاجرین کو الاٹ کر دیے گئے تھے اور مزارعت کے حقوق بدستور مسلمان مزارعین کے پاس تھے - اس قانون کے مطابق اب ان کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ ایک خاص میعاد کے اندر جس کا اعلان گورنمنٹ نوٹیفیکیشن کی صورت میں کرے گی کہ مزارع ہندو کا مالکانہ چیف سیٹلمنٹ کمشنر کے خزانے میں داخل کرے جو حساب کے مطابق بنتا ہے اور زمین کا مکمل مالک بن جائے اور جس مسلمان مہاجر کو مالکانہ حقوق عطا کیے گئے تھے وہ معدوم ہو جائیں گے ، ختم ہو جائیں گے - دوسری طرف اگر مسلمان مالک تھا اور ہے لیکن ہندو مزارع تھا ، غیر مسلم تھا ، وہ چلا گیا تو وہ مزارعت کے

[Khawaja Mohammad Safdar]

موروثی حقوق مسلمان مہاجر کو الاٹ کیے گئے تھے اور اب وہ مالک ہے۔ اُن کے درمیان تنازعہ چلا آتا ہے۔ یہ دوسری صورت میں ہے کہ چیف سیٹلمنٹ کمشنر جو مالکانہ مقرر کرے گا وہ مسلمان مالک کو مہاجر الاٹی ادا کرے گا اور مہاجر الاٹی جو موروثی مزارع کی حیثیت سے اراضی کاشت کر رہا ہے وہ اُس کا مکمل مالک بن جائے گا۔ میں نے پہلے دو حصوں پر اعتراض کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس میں بہت سی اصلاح کی گنجائش ہے۔ صرف تیسرا حصہ ایک ایسا حصہ ہے، جو میرے خیال میں اچھا قدم اُٹھایا گیا ہے اور موروثی مزارعت کو متروکہ جائیداد میں ختم کیا جا رہا ہے۔ یہ مسئلہ بہت سے جھگڑوں، بکھیڑوں اور تنازعات کا منبع تھا۔ یہ بڑی اچھی بات ہے کہ حکومت نے اس طرف توجہ دی ہے لیکن اس کا اطلاق دو صوبوں پر ہوگا، تیسرے اور چوتھے صوبے پر نہیں ہوگا۔ جہاں تک پہلے دو حصے ہیں میری رائے میں پہلی اسکیم بھی غلط ہے۔ جو لوگ محکمہ بحالیات کے افسروں کے کہنے پر پنجاب میں بہت سے مالک بن گئے۔ سابق وزیر اعلیٰ پنجاب نے اعلان کیا تھا کہ جو جہاں بیٹھا ہوا ہے، اگر وہ زمین الاٹ نہیں ہوئی، تو اس کو ملے گی، خواہ وہ غیر مقامی ہو یا مقامی ہو، مہاجر ہو یا بوگس الاٹی ہو۔ چنانچہ وہ تمام الاٹ ہوگئی تھی۔

**Mr. Chairman**: How does this executive order overrule law?

**خواجہ محمد صفدر**: انہوں نے تو قبضہ بھی دلایا تھا۔ دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ آپ کے سامنے ہے۔ میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا۔ litigation ہی ہوگی تو ہوتی رہے۔ انہوں نے اپنی جانب سے مسئلہ ختم کر دیا تھا۔ ان کا خیال تھا کہ اس طرح کرنے سے محکمہ بحالیات کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ اب وہ تنازع علیحدہ ہے۔ میں اس میں جانا نہیں چاہتا۔ میرے علم کے مطابق پنجاب میں اس طرح اراضیات دے دی گئی ہیں۔ اس لیے جتنے مہاجرین کے دعوے درست پائے گئے، ان کو نقد روپیہ دیا جائے یا پھر اُن کو interest bearing government bonds دیے جائیں۔ جیسا کہ اب قوانین ہم نے بنائے ہیں interest اُس حساب سے ہو جس حساب سے اسٹیٹ بنک آف پاکستان مقرر کرتا ہے اُس سے ایک فی صد زیادہ۔ جناب والا! اس تیزی اور سرعت کے ساتھ ہمارے روپے کی قیمت گر رہی ہے کہ کسی کا اگر ہزار بنتا ہے وہ اُس سے جو کچھ آج خرید سکتا ہے اتنا کچھ کل نہیں خرید سکے گا تو تین سال کے بعد اُس سے نصف چیزیں بھی نہیں خرید سکے گا۔ اگر اُس کو اس کی رقم پر سود ادا نہ کیا گیا۔ تو وہ بیچارہ تو نقصان میں رہے گا۔ اس لیے میں وزیر صاحب سے یہ درخواست کروں گا کہ اس مسئلہ میں بھی سوچیں کہ انٹرسٹ بیئرنگ

بانڈز گورنمنٹ جاری کرے ۔ دوسرے کلیمنٹس ، نان کلیمنٹس اور لوکلز کو اجازت دیں کہ جو زمین کی بوگس الاٹمنٹ ظاہر کریں ، تو ان میں سے ۲۵ اور ۵۰ ایکڑ تک یعنی economic holding تک ان کو بھی دی جائے ۔

**جناب چیئرمین :** مفتی ظفر علی نعمانی صاحب ۔

**مفتی ظفر علی نعمانی :** جناب چیئرمین ! یہ ایک مسئلہ جو اٹھایا جا رہا ہے اس میں اگر زمین کی ایک حد مقرر کی جاتی ، دس ایکڑ ، بیس ایکڑ یا پچیس ایکڑ، جو قابض ہے ، جائز یا ناجائز کسی طرح سے بھی قابض ہے اس کے لیے کوئی جھگڑا نہیں ۔ مربعوں کے جو مالک ہیں ، ان کے لیے یہ قانون وضع کیا جاتا تو میرا خیال ہے کہ کسی حد تک صحیح ہوتا کیونکہ جتنی لوگوں کو زمینیں ملی ہیں ، اس کے تھوڑے تھوڑے حصے ہیں ۔ مربع سے کم زمینیں ہیں ۔ وہ آخر مہاجر تھے ، غریب تھے ، وہ اس ملک میں آئے اور ان کو زمینیں ملیں ۔ میں اس چیز کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہوں کہ کسی بھی چھوٹے کلیمنٹ نے ناجائز یا غلط کلیم کیا ہے ۔ اس قسم کی جتنی چیزیں ہوئی ہیں وہ بڑے کلیموں میں ہوئی ہیں اور بڑے لوگوں نے کی ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** مگرمچھوں نے کی ہیں ۔

**مفتی ظفر علی نعمانی :** مگرمچھوں نے کی ہیں یا کسی اور نے کی ہیں بہرحال چھوٹے لوگوں نے نہیں کیا ۔ تو میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے یہ قانون اسی حالت میں پاس کر دیا تو دس دس بیس بیس ایکڑ کے اگر کوئی claimants ہیں اور ناجائز کسی نے بھی کوئی دعویٰ کر دیا ہے کہ یہ claimant ناجائز ہیں تو وہ بے چارے مقدمے کے چکر میں پھنس جائیں گے اور شاید ان کی حیثیت بھی اتنی نہ ہو کہ وہ وکیل کرکے مقدمے کی پیروی کر سکیں اور درخواست دینے والا اگر تگڑا ہوگا تو اگر اس کا کلیم جائز بھی ہے تو عدم پیروی کی صورت میں وہ ناجائز ہو جائے گا اور وہ جیت جائیں گے ۔ آخر پہلے بھی حکومت نے چھان بین کی ہے یہ تو نہیں ہے کہ حکومت نے یا کسی کلیم آفیسر نے یا ڈپٹی کمشنر نے بالکل ناجائز طریقے پر الاٹ کر دی ہے ۔ ایک حکومت تھی لوگ تھے تحقیق ہوتی تھی اس کی ہر طرح سے دیکھ بھال کی جاتی تھی ۔ فارم کے اندر بیسوں شرائط ہوتی ہیں ان سب چیزوں کے بعد الاٹمنٹ ہوتی تھی ۔ اب آپ یہ نیا جھگڑا کھڑا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو اس سے غریب شاید اور زیادہ اس چکر میں پھنس جائیں گے اور زیادہ پریشان ہو جائیں گے کیونکہ زمین کا مسئلہ ایسا ہوتا ہے کہ ذاتی دشمنی کی بناء پر بھی لوگ اس قسم کی چیزیں کرنے کے لیے تیار ہو جاتے ہیں کہ کم سے کم چلو اور کچھ نہیں تو

[Mufti Zafar Ali Nomani]

اس کو پریشان ہی کیا جائے۔ اگر آپ اس قانون کو پاس ہی کرنا چاہتے ہیں تو جہاں آپ نے یہ انعام دینے کا اعلان کیا ہے کہ اگر کوئی ناجائز کلیم ثابت کرے گا تو اسے انعام دیا جائے گا وہاں یہ شرط بھی عائد کر دیں کہ اگر مقدمہ کرنے والا ہار جائے تو اسی حساب سے اس پر جرمانہ بھی کیا جائے گا تاکہ کوئی دشمنی کی بناء پر جھوٹا مقدمہ درج نہ کروائے۔ اس قسم کا قانون پاس کرکے جہاں تک میں سمجھتا ہوں غریب مہاجرین کو پریشان کرنے کے سوا اور کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ لہذا اس قسم کی چیزیں کہ ایک حکومت نے زمینیں الاٹ کو دیں لوگوں نے بیس بیس پچیس پچیس سال سے انہیں آباد کیا ہوا ہے۔ اس وقت زمین کی حیثیت کچھ اور تھی اور اب اس زمین کی حیثیت کچھ اور ہے۔ اس وقت زمین کی حیثیت شاید میرے خیال میں ہزار ڈیڑھ ہزار روپے ایکڑ تھی اور اسے لوگوں نے بیس بیس پچیس پچیس سال سے آباد کیا ہوا ہے اور ابھی جیسے خواجہ صاحب نے فرمایا تھا کہ ہمارے موجودہ وزیر اعظم صاحب نے اعلان بھی کر دیا تھا کہ جس زمین پر جو بھی بیٹھا ہوا ہے وہ اس کا حق دار ہے۔

**جناب چیئرمین :** وزیر اعظم نے نہیں کہا۔

**خواجہ محمد صفدر :** وزیر اعلیٰ پنجاب کی بات کی تھی میں نے۔

**مفتی ظفر علی نعمانی :** وزیر اعظم نے بھی لائل پور کے ایک جلسہ عام میں تقریر کرتے ہوئے کہا تھا کہ کچی آبادیوں میں جہاں جہاں بھی جو بیٹھے ہیں انہیں مالکانہ حقوق دے دیئے جائیں گے چاہے وہ گورنمنٹ کی زمین ہو چاہے کسی کی بھی ہو۔

**جناب چیئرمین :** خواجہ صاحب نے سابق وزیر اعلیٰ کا ذکر کیا تھا۔

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Point of Order.

جناب والا! کچی آبادیوں کے متعلق قانون باقاعدہ پاس ہوچکا ہے۔ جو کچی آبادیاں ہیں ان کے متعلق باقاعدہ قانون پاس ہوچکا ہے۔

**Mr. Chairman** : That is a different matter. I know that.

**مفتی ظفر علی نعمانی :** میری گذارش اس سلسلے میں اتنی ہے کہ نئے سرے سے جھگڑا کھڑا کرکے لوگوں کو پریشان نہ کیا جائے اور نئی نئی چیزیں نہ لائیں۔ دوسرے کام کرنے کے لیے ہمارے پاس بہت سی چیزیں ہیں۔

**جناب چیئرمین :** اچھا جی وہ غور کریں گے۔ جی مسٹر شہزاد گل۔

**جناب شہزاد گل :** جناب والا ! اس بل سے پاکستان کا مظلوم طبقہ جسے مہاجر طبقہ کہا جاتا ہے وہ متاثر ہوگا - مہاجرین نے آزادی کے حصول کے لیے اور وطن عزیز پاکستان کے قیام کے لیے بہت سی قربانیاں دیں اور انہیں مسلمان ہونے کی حیثیت سے یا پاکستان کی حمایت کرنے کی وجہ سے اپنے گھر بار چھوڑ کر یہاں پر ہجرت کرکے آنا پڑا - جناب والا ! جب یہ لوگ آئے تو ابتداء میں کوئی قانون نہیں تھا - عارضی طور پر ہر ایک صوبے میں کوئی آرڈیننس نافذ کیا گیا اور کسی کو اپنا حق پوری طرح نہیں ملا - بعد میں ۱۹۵۶ء کا آئین نافذ ہوا اس کے نفاذ کے بعد ۱۹۵۷ء، ۱۹۵۸ء میں rehabilitation Act پاس ہوا پھر Scrutiny of Registration of Claims Act پاس ہوا پھر Land Settlement Act پاس ہوا اور ان تمام Acts کے پاس ہونے کے بعد مہاجرین کو کہا گیا کہ وہ اپنے دعوے داخل کریں - چنانچہ ہر ایک نے فارم بھر کر دعوے داخل کیے - ان کی scrutiny ہوئی verification کے لیے وہ آئے اور کافی شہادتیں یا ثبوت جو کچھ بھی تھے اور پھر ان کو entitlement certificates دیئے گئے جن کو QPR کہا جاتا تھا اور اس پر الاٹمنٹ ہوتی تھی - اس دوران میں ۱۹۵۸ء کا مارشل لاء آیا اور مارشل لاء کے دوران یہ بات آئی کہ بہت سے کلیم جو ہیں یہ بوگس ہیں اس وجہ سے scrutiny of claim کا مارشل لاء ریگولیشن نمبر ۸۴ نافذ کیا گیا اس کے تحت تمام claimants کی scrutiny ہوئی اور اس کے بعد ایک دوسرا مارشل لاء ریگولیشن ۸۹ جاری ہوا جس کو یعنی Scrutiny of Claims (Displaced Persons) Regulation کہتے ہیں اور اس پر پھر حکومت نے جو اس وقت کی حکومت تھی اس نے یہ فیصلہ کیا کہ ہر ایک مہاجر کے verified claim میں سے کچھ حصہ کاٹ لیا جائے، کم کیا جائے اور جو کم کیا جائے اس کو Compensation Pool میں لے لیا جائے اور باقی اس کے پاس رہنے دیا جائے اور جو اس کے پاس رہ جائے گا جو رقبہ اس کے پاس باقی بچے گا وہ permanent ہوگا اور اس کے متعلق کوئی مقدمہ اگر وہ بوگس بھی ہو تو بھی اس کو touch نہیں کیا جائے گا -

**جناب چیئرمین :** یہ بھی قانون میں تھا کہ وہ بوگس بھی ہو تو بھی اسے touch نہیں کیا جائے گا -

**جناب شہزاد گل :** میں بتا رہا ہوں نا کہ کیا ہے -

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : That was a separate law absolutely.

**Mr. Chairman** : You said, even if it is bogus, let it remain.

**جناب شہزاد گل :** مجھے اجازت دی جائے میں بتاتا ہوں کہ کیا ہے -

**جناب چیئرمین :** اس میں یہ تھا کہ بوگس بھی ہو -

**جناب شہزاد گل :** bogus کا لفظ نہیں تھا لیکن یہ تھا کہ اب تک جو - - -

**جناب چیئرمین :** آپ تو وکیل ہیں مسٹر شہزاد گل آپ کیوں یہ کہتے ہیں کہ اس قانون میں یہ تھا کہ چاہے bogus بھی ہو اس کو رہنے دیا جائے گا ؟

**جناب شہزاد گل :** ابھی تک جو claims verified ہو چکے ہیں ان کے ساتھ چھیڑ چھاڑ نہیں کی جائے گی - جو verified claims میں رہ entitlement جائے اس کو رہنے دیا جائے اس میں یہ تھا -

**جناب چیئرمین :** bogus کا ذکر نہیں تھا -

**جناب شہزاد گل :** اب اس میں ریگولیشن ۸۹ کو آئین کے First Schedule میں تحفظ دیا گیا ہے اور اس کے آرٹیکل ۸ کے تحت جو laws ہیں ان کا اطلاق اس پر نہیں ہوتا - موجودہ بل جو آ رہا ہے اس سے scrutiny of claims جو ہے وہ اس سے براہ راست متاثر ہو گا اور اس میں یہ الفاظ تھے اس کی MLR-84 کلاز ۵ میں scale of entitlement یعنی کہ جتنی entitlement ہے جو verified ہے اس سے کاٹا جائے -

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : This was not about verified claims.

یہ جن کے کلیم verified ہوئے تھے - ان کے متعلق نہیں تھا - جن کے claim verified نہیں ہوئے تھے ان کا چکر ہے - verified کے عوض میں سب کو ملا ہے جتنا verified ہوا اتنا ملا - یہ بالکل ایک علیحدہ بات ہے -

**جناب شہزاد گل :** علیحدہ بات نہیں ہے مارشل لاء ریگولیشن ۸۴ کے تحت scrutiny ہوئی پھر اسی کو finality دینے کے لیے مارشل لاء ریگولیشن ۸۹ جاری کیا گیا اور اس کو پھر موجودہ آئین میں - - -

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : The only thing is that claims were filed, but the information in those cases was not received from the other side of the border. In those cases there was again a scrutiny cropped up, otherwise where the claims were filed and information was received from the other side of the border, no question of verification was needed.

**جناب شہزاد گل :** میں ابھی پڑھ کر سناتا ہوں آپ سن تو لیں

"Restriction on verification of claims – Except as provided in this Regulation, no claim shall be verified under the Act after the commencement of this Regulation.

Any claim pending for verification at the time of the commencement of this Regulation shall be verified by such officer not below the rank of an Additional Settlement Commissioner as may be appointed by the Chief Settlement Commissioner in that behalf.

Verification of any claim under sub-paragraph (1) shall be done on the basis of such documentary evidence as might have been produced by the claimant at the time of filing his claim, and the order of verification shall contain all particulars of the verified land needed for the preparation of an Entitlement Certificate.

Notwithstanding anything to the contrary contained in any other law or in any scheme prepared under section 6(1) of the Pakistan Rehabilitation Act, 1956 ; and section 14(1) of the Displaced Persons Land (Settlement) Act, 1958 (XLVII of 1958), but subject to the provisions of this Regulation the entitlement of every claimant shall be determined afresh on the following scale, namely......"

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : That is very clear, that does not relate to those cases where the record was received from the other side of the border.

**Mr. Chairman** : Yes, it is quite clear, but anyhow.

**Mr. Shahzad Gul** : *Then, Sir, section 12 : "Finality of order—Any order passed or Entitlement Certificate issued under this Regulation shall be final and shall not be questioned in any Court.

۸۹ کے تحت جتنے الاٹمنٹ ہوئے ہیں ، اس کے تحت ان کو finality حاصل ہوئی اور جب ایک مرتبہ ان کو finality حاصل ہوگئی تو اس کو عدالت میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا اور اس کے متعلق کچھ نہیں ہو سکتا اور ۸۹ کو اس کے شڈول میں تحفظ دیا گیا ہے - اس وجہ سے اس کے متعلق کوئی قانون نہیں آ سکتا - جناب والا ! میں گذارش کروں گا کہ ہر سال شروع سے یہ کہا جاتا رہا کہ اس محکمہ پر کاف اخراجات ہوتے ہیں - ہر سال یہی کہا جاتا ہے اور رانا صاحب نے خود بھی فرمایا ہے کہ اس محکمہ کو ختم کر رہے ہیں اور ہر سال کہتے ہیں کہ ۳۰ جون کو یہ محکمہ ختم ہو جائے گا ، لیکن اب اس محکمہ کو مزید زندگی دینے کے لیے کہا جا رہا ہے کہ اس کو اور حیات حاصل ہو جائے - محکمہ نے اب تجویز کیا ہے کہ بوگس کلیم کے متعلق اب کام شروع کیا جائے - اس سے ازسرنو دعویدار پیدا ہو جائیں گے اور بوگس کلیم کے سلسلے میں غیر ضروری اور غلط خبریں دی جانے لگیں گی - انھوں نے اس طرح ترغیب و تحریص دلائی ہے - ہر شخص verified claims کا مالک ہے لیکن اب وہ مقدمہ بازی سے نہیں بچ سکتا - اس قانون کے بن جانے کے بعد کورٹ میں مقدمات آئیں گے اور مقدمات لڑے جائیں گے لوگ ثابت کریں گے کہ ان کے claims درست ہیں - ان پر بار ثبوت نہیں ہے مگر وہ بوگس claims کو ازسرنو

* Speech not corrected by the honourable Senator.

[Mr. Shahzad Gul]

صحیح ثابت کریں گے کہ ہمارا claim درست ہے اور اگر وہ صحیح ثابت نہ کر سکے گا تو الاٹمنٹ cancel کر دیئے جائیں گے - تو ہر شخص کو انہوں نے ترغیب و تحریص دی ہے اور اگر ہر شخص اس ترغیب و تحریص پر درخواست دے گا تو اس طرح ہر مہاجر کا ازسرنو سلسلہ شروع ہو جائے گا - اس سے کافی inconvenience پیدا ہوگی - اس کو آپ سب لوگ جانتے ہیں - ہمارے مردان میں جتنے مہاجر تھے وہ اپنی ساری زمینیں بیچ کر کراچی چلے گئے - ۱۹۶۱ء کے بعد ہر جگہ جتنی بھی مہاجروں کی زمینیں تھیں وہ ان کو بیچ کر کوئی کراچی چلا گیا کوئی پنجاب چلا گیا کسی نے کارخانہ لگا لیا - مستقل الاٹمنٹ کے بعد جن لوگوں نے وہ زمینیں خریدی تھیں ان کا کیا قصور؟ انہوں نے کاغذات دیکھے - انہوں نے فیصلے دیکھے اب اگر ان کے الاٹمنٹ cancel کر دیئے جائیں تو اس سے بہت سی دشواریاں ہوں گی اور اس سے وہ لوگ تباہ ہو جائیں گے کیونکہ انہوں نے ان زمینوں کی رقمیں دی ہیں اور وہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ صاحب اس کے پاس فیصلہ تھا اس کے پاس units تھے ، محکمہ نے الاٹمنٹ دیا تھا ، قبضہ دلایا تھا اب ہمارا کیا قصور ہے ؟ تو اس طرح بہت inconvenience ہوگی - لہذا ایسے مقدمات کو روکنے کے لیے میں گذارش کروں گا کہ اگر کوئی شخص غلط انفارمیشن دے تو اس کو سزا دی جانا چاہیے تاکہ ہر شخص آگے بڑھ کر مقدمہ بازی میں نہ ملوث ہو جائے - اس کے لیے کوئی سزا ضرور رکھنی چاہیے -

**چوہدری محمد حنیف خان :** سزا ہے غلط دعویدار کے لیے - عام قانون کے تحت سزا ہے - خواجہ صاحب تو جانتے ہیں -

**جناب شہزاد گل :** غلط claimant کے لیے اصل قانون میں سزا ہونی چاہیے اور غلط اطلاع دینے والے کے لیے بھی سزا رکھی جائے تاکہ اگر کوئی غلط informant ہو تو اس کو سزا دی جائے -

**Mr. Chairman** : Mr. Rana Hanif, what will be the position, supposing a man gives false information and he goes in a court and he give, evidence, and ultimately that information, that statement of the informer turns out to be incorrect or false ?

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : I think, it is very simple.

**جناب شہزاد گل :** میری استدا یہ ہے ---

**جناب چیئرمین :** کسی عدالت یا ٹریبونل یا Semi-Judicial اتھارٹی کے سامنے کوئی حصہ بیان اگر غلط ثابت ہو جائے ؟

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman** : He can be run down.

اس میں حلف کی بات نہیں ہے اگر کوئی خط لکھ دے کہ فلاں کا الاٹمنٹ غلط ہے تو ؟

*(Interruptions)*

**Mr. Chairman** ; No, no.

کسی نے خط لکھ دیا کہ فلاں کا بوگس کلیم مسترد ہو جائے - یہ ۱۸۲ میں نہیں ہے -

**جناب شہزاد گل :** لیکن اگر کوئی غلط ایف آئی آر false prosecution کے لیے ۲۱۱ میں ہو کہ فلاں کا کیس prosecute نہیں کرنا ہے تو ۲۱۱ اس کو گوارا نہیں کرتا - اس میں غلط claimant کے لیے سزا رکھی گئی ہے - اگر غلط verification کیا گیا ہو غلط بیان دیا ہو تو اس کے لیے سزا ہے - اسی وجہ سے میری یہ گذارش ہے کہ یہاں بھی سزا رکھی جائے اور یہ cognizable ہو جائے گا - غلط انفارمیشن کے لیے cognizable کیسے ہوگا - اس کے لیے - خودبخود کورٹ کی جانب سے سزا عائد ہو جائے گی - لہذا میں استدعا کروں گا کہ اس بل میں جو خامیاں ہیں وہ دور کر دیجائیں -

**Mr. Chairman** : Thank you. So, we will meet at 7.10 p.m. after Maghrib prayers. I will give you a chance to speak, Haji Sahib, after we meet.

---

*(The House was adjourned for Maghrib Prayers to meet again at 7.10 p.m.*

---

*(The House reassembled after Maghrib prayers, Mr. Chairman in the Chair.)*

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY RE : ADOPTION OF THE WEST PAKISTAN ARMS (AMENDMENT) BILL, 1974

**Mr. Chairman** : There is a message from the Joint Secretary of the National Assembly addressed to the Senate Secretariat :

> "Sir, in pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the West Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1974 on the 17th April. Copy of the Bill is enclosed. Kindly acknowledge receipt."

## THE DISPLACED PERSONS (LAND SETTLEMENT) (AMENDMENT) BILL, 1974

**Mr. Chairman** : Now, do I put the question ? Let me first hear Haji Sahib, then I will put the qnestion.

Haji Sahib, do you want to speak in the First Reading ?

**جناب نعمت اللہ خان :** جناب چیئرمین ! جہاں تک اس بل کی تفاصیل کا تعلق ہے ، میں ان کو نہیں دھراؤں گا کیونکہ شہزاد گل صاحب نے وضاحت کر دی ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ بل ہر قسم کے لیگل مرحلوں سے گزر کر پاس ہو گیا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** انہوں نے یہ تو نہیں کہا کہ بل پاس ہو گیا ہے ۔

**جناب نعمت اللہ خان :** پرانی evacue جائیداد پر جتنے قانونی مرحلے تھے وہ مکمل ہو چکے ہیں ۔ اگر اس کو دوبارہ چھیڑا جائے تو اس سے مشکلات پیدا ہوں گی ۔ قبل اس کے کہ میں اس کے متعلق مختصراً عرض کروں ، میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا پرانے بوگس کلیم کے متعلق کوئی نئی چیز ہے یا صرف rectification ہے ؟

Is there is only confirmation or rectification of the bogus claims?

**Mr. Chairman :** You can take his observation as instant notice, not short instant notice question.

**Ch. Mohammad Hanif Khan :** Unless the honourable Member makes any speech on this point how a reply can be given ?

**جناب نعمت اللہ خان :** بہرحال میرا مقصد یہ ہے کہ مہاجروں کا وہ مظلوم طبقہ جنھوں نے قیام پاکستان کے وقت اپنی جان اور اپنا مال قربان کر دیا ان کواگر لیگل الاٹمنٹ ہوگئی ہے تو پھر ان کے بانڈ سے کیا کریں گے ؟ اگر وہ displaced ہو جائیں اور اگر روزگار سے بیدخل ہو جائیں اور وہ بے سرو سامان ہو جائیں تو وہ بانڈ پر کیا کریں گے ۔ اس کے علاوہ بعض مہاجرین نے زمین فروخت کر دی ہے تو پھر نیا جھگڑا پیدا ہو جائے گا ۔

**جناب چیئرمین :** مختصراً یہ کہ آپ اپوزیشن کی حمایت کر رہے ہیں اور بل کی مخالفت کرتے ہیں ۔

**جناب نعمت اللہ خان :** میں تو مہاجرین کے حق میں ہوں اور میرے خیال میں کافی ممبران ان کے حق میں ہیں یہ اور بات ہے کہ وہ openly نہیں کہتے ۔

**جناب چیئرمین :** کیا کہا وہ کیا نہیں کہتے ؟

**جناب نعمت اللہ خان :** میرے بہت سے ساتھی اظہار خیال کر چکے ہیں اور میرا مقصد یہ نہیں ہے کہ اس کی اپوزیشن کی جائے ۔ میں صرف humanitarian اور اسلامی بنیادوں پر یہ بات کہہ رہا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** تو گویا آپ بل کی مخالفت کرتے ہیں ؟

جناب نعمت اللہ خان : آپ جو کچھ بھی سمجھ لیں اگر مہاجروں کو displace نہیں کرتے تو پھر - - - -

جناب چیئرمین : وہ تو صرف بوگس کلیم کے متعلق ہے -

جناب نعمت اللہ خان : جہاں تک بوگس کلیم کا تعلق ہے وہ تو ٹھیک ہے -

جناب چیئرمین : تو پھر آپ اس کی حمایت کرتے ہیں ؟

جناب نعمت اللہ خان : فیصلہ ہمیشہ درست چیز کے حق میں ہونا چاہیے -

**Mr Chairman** : You have the permission to open the issue of bogus claim. Some gentleman at your back, I think, it was Sheikh Sahib who was first to ask about this.

**Sheikh Fazal Elahi Piracha** : *I feel there is some misunderstanding about the scope of this Bill. Already action has been taken in most of the matters that are being laid down here. Already there is a provision for giving compensation to informants. Already there is a provision that they should be given cash. Now, it has to give retrospective effect to previous informants, who have not been given any advantage under this Law. So, there is nothing very particular about it. And then so far as tenancy and occupancy is concerned, it is the first time that the locals and mohajirs will stand on the same footing at least so far as Punjab and NFWP are concerned. I am not aware of Sind the other Province. But the position for the future will be that all local landlords and tenants and mohajir landlords and tenants will be on the same footing. It is the first time that they will have the same rights and privileges that the locals will have. So, this is a very useful provision and, I think, we should have no opposition to this. Then, there is one thing that in place of cash they can be given bonds. But there is no other change requiring any further consideration, as it has already been passed and approved by the previous House and only we want to make certain changes, which are, I think, in the interest of the mohajirs themselves.

آغا غلام نبی خان : *جناب چیئرمین ! میں اس بل کو سپورٹ کر رہا ہوں اور سپورٹ کرتے ہوئے جو مولانا صاحب نے ، شہزاد گل صاحب اور میرے دوسرے دوستوں نے اس پر اعتراضات کئے ہیں ان کا جواب بھی دوں گا - مہاجرین کی خدمات اور قربانیوں کی جو انہوں نے پاکستان حاصل کرتے وقت کی ہیں ہر ایک کو قدر ہے - یہی وجہ تھی کہ میرا صوبہ باقی تینوں صوبوں سے مختلف ہے ، اس کا کیس different کیس ہے - پنجاب میں majority ایسی تھی کہ سکھ زمیندار اور سکھ یا ہندو کاشت کار تھے - میرے صوبے میں سو فی صدی زمیندار ہندو اور کاشت کار مسلمان تھے اور وہ کاشت کار جو پچاس ساٹھ برس سے اس زمین کو کاشت کرتے رہے ان کا باپ بھی وہیں مرا ، ان کا دادا بھی وہیں مرا اور خود بھی وہیں تھے - تو ایسے حالات میں بھی ہم نے ان کو بے دخل کرکے

*Speech not corrected by the honourable Senator.

[Aghga Ghulam Nabi Khan]

ہاجرین کو وہاں بسایا - میں یہ ماننے کے لیے تیار نہیں ہوں کہ بوگس کلیمز بن ہیں - اس لیے کہ وہاں سے اگر ایک آدمی کے پانچ لڑکے تھے تو ایک لڑکے نے اس ایریا کا سرٹیفیکٹ لیا تو دوسرے بھائی نے بھی وہی تفصیل دی اور ں طرح سب نے ایسا ہی کیا - ایک نے فرینٹئیر میں ، ایک نے بہاولپور میں ، یک نے کوئٹہ میں اور ایک نے پنجاب میں تو اس طرح اگر اس کے باپ کی ۲ ایکڑ زمین تھی تو انہوں نے ۱۰۰ ایکڑ لی - باقی رہا یہ کہ Settlement نے ہاں انکوئری کی تھی - Settlement کی بات یہ ہے کہ میرے پاس سینکڑوں case ایسے ہیں کہ ایک زمین کا ٹکڑا الف کو بھی کلیم میں ملا ہے اور ب کو بھی - حالت یہ ہے کہ الف نے اپنا ریکارڈ دیکھ کر لوکلز کو بھیجا ہے - وسرے روز دوسرا claimant آ کر کھڑا ہوا کہ یہ زمین تو مجھے الاٹ ہوئی ہے اور اس پر کیس ہوا تو وہ بے چارہ چیختا چلاتا رہا اور اس کے پیسے ھی ختم ہوگئے - جہاں تک بوگس کلیمز کا سوال ہے بوگس کلیمز بہت ہیں ور اس کے لیے جہاں تک ہو سکے چھان بین کی جائے اور جو صحیح ہیں ان کو ملنی چاہیے اور اس کاشت کار کو جو صدیوں سے اپنے باپ دادا کی زمین کاشت کر رہا ہے اس کو اس کا حق دینا چاہیے - پاکستان حاصل کرنے کے لیے صرف مہاجرین تو نہیں لڑے تھے ، پاکستان کے لیے ہم بھی لڑے ، ہر صوبہ لڑا تھا لیکن شہزاد گل صاحب کا صوبہ معاف کریں آپ کا صوبہ بھی وہی ہے -

**جناب چیئرمین :** آپ کا نہیں ہے ؟

**آغا غلام نبی خان :** میرا تو اپنا ہی ہے -

**جناب چیئرمین :** وہ بھی پاکستان میں ہے -

**آغا غلام نبی خان :** اس صوبے میں ڈاکٹر خان صاحب کی حکومت تھی اور صفدر صاحب کے صوبے میں خضرحیات کی - ۱۹۴۰ء میں پاکستان ریزولیوشن پاس ہوا تھا اور پہلی منسٹری ہم نے بنائی تھی بلکہ وہاں اس کے ساتھ کیا ہوا کہ ہم نے ۱۹۴۶ء میں اسمبلی میں ایک قانون پاس کیا کہ جو زمین ہندو کے پاس گروی ہے اگر وہ ۲۰ برس قبضہ میں رہی ہے تو وہ زمین واپس اپنے مالک کے پاس جانی چاہیے - فائیل وائسرئے کے پاس گئی کہ آپ فیصلہ کریں - انہوں نے واپس بھیج دی - جو لاکھوں ایکڑ زمین مسلمانوں کی تھی وہ ہندو پراپرٹی consider کی گئی - ہمیں ان کی قربانیوں کی قدر ہے - تو میں کہتا ہوں کہ اگر بوگس کلیم آئیں خواہ مہاجرین کے ہوں یا لوکلز کے ان سے چھین لیے جائیں - غلط کام غلط ہے - میں اس بل کو سپورٹ کرتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** مسٹر شیر محمد خان ۔

**جناب شیر محمد خان :** جناب چیئرمین ! میں اس بل کی تائید اور حمایت کرتا ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اپوزیشن کی طرف سے میرے محترم دوستوں یعنی کراچی سے مولانا سینٹر صاحب نے اور فرینٹیئر سے شہزاد گل صاحب نے یہ خدشہ ظاہر کیا کہ شاید یہ قانون صرف اس لیے بنایا جا رہا ہے کہ اس سے مہاجرین کو تکلیف پہنچے ۔ تو یہ مہاجرین کو تکلیف پہنچانے کے لیے نہیں بلکہ مہاجرین کی تکلیف کو ختم کرنے کے لیے ان کے مسائل کو حل کرنے کے لیے یہ بل پیش کیا جا رہا ہے اور یہاں پر میں نے یہ بھی عرض کرنا ہے کہ ہمارے پیش نظر مہاجرین اور نان مہاجرین کی بنیاد پر سوچ نہیں پختون اور نان پختون ہماری سوچ نہیں ، پنجابی اور غیر پنجابی کی بنیاد پر ہم نے کبھی نہیں سوچا ، بلوچی اور غیر بلوچی کی بنیاد پر ہم نے کبھی نہیں سوچا پاکستانی کی بنیاد پر مسلمان کی بنیاد پر اور پھر اس سے بڑھ کر انسانیت کی بنیاد پر ہماری سوچ ہے اور اس لیے ہم یہ بل اس ہاؤس کے سامنے پیش کر رہے ہیں ۔ جناب والا ! بدقسمتی سے اپوزیشن میں میرے دوستوں نے ، میں ان کا احترام کرتا ہوں ، میں ان کی تذلیل نہیں کرنا چاہتا لیکن منفی سیاست کی بنیاد شروع ہو جاتی ہے ۔ مہاجر کے نام پر مہاجرین کو تکالیف پہنچائیں ، پختون کے نام پر پختونوں کو تباہ کیا اور پنجابی کے نام سے پنجابیوں کے لیے مشکلات پیدا کیں ۔

**حاجی سید حسین شاہ :** پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب محترم ممبر موضوع سے باہر گفتگو کر رہے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ مہاجر ، لوکل ، tenant ، زمیندار کلیم ، بوگس ، یہ تو کہہ سکتے ہیں لیکن پنجابی ، غیر پنجابی ، پٹھان ، غیرپٹھان ، سندھی ، غیرسندھی اس کا ذکر تو انھوں نے نہیں کیا ۔ یہ گناہ انھوں نے کم از کم آج نہیں کیا اس بل کے دوران ۔

**جناب شیر محمد خان :** جناب ! میں صرف مہاجر تک محدود رہتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** ٹھیک ہے ۔

**جناب شیر محمد خان :** جناب ! انھوں نے یہ خدشہ ظاہر کیا ہے کہ حکومت یہ جو بل پاس کر رہی یا قانون پاس کر رہی ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ جن لوگوں نے پاکستان کے بنانے میں قربانیاں دی تھیں ۔ پاکستان کے لیے انھوں نے گھر بار چھوڑ کر ، یہاں آکر پاکستان میں آباد ہوگئے تو ان کی خدمات کا

[Mr. Sher Mohammad Khan]

لحاظ کیے بغیر ، ان کی خدمات کی پرواہ کیے بغیر ، ان کو تکلیف پہنچانے کے لیے یہ بل پاس کیا جا رہا ہے - یہ بالکل غلط ہے ، بے بنیاد ہے -

**جناب چیئرمین :** انھوں نے یہ بھی نہیں کہا -

**جناب شیر محمد خان :** سر ! یہ کہا گیا تھا -

**جناب چیئرمین :** نہیں ، نہیں ، انھوں نے یہ کہا کہ مہاجرین کا استحصال کرنے کے لیے یہ بل لایا جا رہا ہے - وہ یہ کہتے ہیں کہ اس کا نتیجہ یہ ہوگا - اس خدشے کا امکان ہے کہ بعض مہاجرین کو جو زمین ملی ہے بوگس کلیم کے دعویٰ کے ساتھ ان کو تکلیف پہنچائی جائے گی -

**جناب شیر محمد خان :** یہ لفظ انھوں نے کہا تھا انھوں نے اس خدشے کا اظہار کیا تھا کہ اس سے یہ ہوگا اور ساتھ میں یہ بات بھی کہی گئی تھی کہ یہ مہاجرین جنھوں نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی تھیں - میں تسلیم کرتا ہوں کہ انھوں نے اپنی جگہ قربانیاں دی ہیں - لیکن پاکستان کے بنانے کے لیے ہر ایک صوبے نے اور سارے لوگوں نے قربانیاں دی ہیں آج اگر یہ سمجھ لیا جائے کہ پاکستان کے بنانے کے لیے مہاجرین نے قربانی دی ہے تو پھر اگر مہاجر کی بوگس الاٹمنٹ ہے تو چونکہ اس نے قربانی دی ہے اس لیے یہ بوگس الاٹمنٹ بحال رہے - کل کو کوئی یہ کہے گا کہ پنجاب کے لوگوں نے بھی پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں - اس لیے ان کی بوگس الاٹمنٹ بھی بحال رہے - تو جناب والا ! اس بنیاد پر ٹھیک ہے مہاجرین نے پاکستان کے لیے قربانیاں دی ہیں لیکن پاکستان میں اس وقت مہاجرین کو سروسز میں ، تجارت میں ، زراعت میں اہم مقام ملا ہے - یہ سب ہمارے بھائی ہیں ، ہم ان کا احترام کرتے ہیں مہاجرین پاکستان میں جہاں جہاں رہتے ہیں - ہم انھیں سب سے ارفع سمجھتے ہیں - تو مہاجر اور غیر مہاجر کے متعلق یہ لفظ کہہ کر کہ اس سے مہاجر کو یہ ہوگا ، خواہ مخواہ اس سے ہمارے سادہ لوگوں کو بھکایا جاتا ہے تو یہ نہیں ہونا چاہیے اور مہاجرین کے نام پر بل کی مخالفت نہیں کرنی چاہیے - ٹھیک ہے اگر اس سے واقعی مہاجرین کو تکلیف ہوتی ہے تو وہ بتائیں کہ فلاں مہاجر کو اس بناء پر یہ تکلیف پہنچی ہے یا اس کا امکان ہے - صرف مہاجرین کا لفظ کہہ انھوں نے پاکستان کے لیے قربانی دی تھی اس لیے ان کی جو بوگس الاٹمنٹ ہے وہ رہنے دی جائے یہ ناانصافی ہوگی - Thank you

**Mr. Chairman** : Thank you. Yes, Qurban Ali Shah.

**جناب قربان علی شاہ :** جناب چیئرمین ! میں اس بل کے پیش کرنے پر وزیر

موصوف کو دلی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں کیونکہ جب یہ بل اسٹینڈنگ کمیٹی میں آیا تھا تو میرے ذہن میں یہ چیز کھٹکی کہ موروثی ہاری قانون ۱۸۸۷ء پنجاب میں نافذ ہوا تھا - اور اسی طرح ۱۸۸۷ء کے قانون کے تحت چونکہ فرنٹیئر بھی اس وقت پنجاب کے ساتھ تھا تو وہاں بھی یہ قانون بعد میں ۱۹۵۰ء میں نافذ ہوا - اور ہمارے سندھ میں اب یہ مسئلہ پیدا ہو رہا تھا اور وزیر موصوف نے وہاں کے مسئلے کو بھی اس بل میں سمویا ہے اس کی مجھے بے حد خوشی ہے اور اس سے پہلے کتنی بار نیشنل پریس میں یہ بات آ چکی ہے کہ پاکستان بنے ۲۷—۲۸ سال ہوچکے ہیں اور ابھی تک مہاجرین کی آبادکاری کا مسئلہ طے نہیں ہوا ہے اور ابھی تک Settlement Department چل رہا ہے - یہ اس حکومت کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے کہ جون کے مہینے میں گورنمنٹ اس محکمے کو بند کر رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ مہاجرین کی آبادکاری کا مسئلہ بھی طے ہو جائے گا کیوں کہ ایک نئی generation پیدا ہو چکی ہے - اس لیے جو ہمارے مہاجر بھائی پاکستان آئے تھے وہ اب مہاجرین نہیں کہلا سکتے - جہاں تک لوگوں کے باقی کلیموں کا تعلق ہے اور ان کو کلیموں کی ادائیگی میں بانڈز دیئے جا رہے ہیں اور وہ بانڈز تین سال کے بعد cash ہو جائیں گے ویسے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر یہ بات سوچی جا سکتی ہے کہ تین سال کے عرصے کے بعد ان کو ان بانڈز کے معاوضے کے طور پر بینک interest بھی دے دیا جائے - تو یہ انصاف کے مطابق ہوگا بوگس کلیموں کا جہاں تک تعلق ہے تو یہ بھی صحیح ہے کہ بوگس کلیموں کو ختم کرنے کے لیے اس میں گنجائش رکھی گئی ہے - اس لیے ہم اس بل کی حمایت کرتے ہیں - حاجی صاحب نے پہلے ہماری طرف سے جو کچھ کہا ہے وہی کافی ہے میں اس میں مزید اضافہ نہیں کرنا چاہتا تو ان الفاظ کے ساتھ میں بل کی حمایت کرتا ہوں -

**Mr. Chairman** : Thank you.

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Sir, I would like to speak.

**Mr. Chairman** : Why don't you explain this thing during the Second Reading.

**Ch Mohammad Hanif Khan** : There are certain points raised by the hon'ble Members which need clarification.

**Mr. Chairman** : In the final reading, you can do that. You will have the opportunity.

Now, I put the question. The question before the House is :

"That the Bill further to amend the Displaced Persons

[Mr Chairman]

(Land Settlement) Act, 1958 [The Displaced Persons (Land Settlement) (Amendment) Bill, 1974], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration."

(*The motion was adopted*)

Now, we take up clause by clause reading of the Bill.

Is there any amendment ?

**Mr. Shahzad Gul** : Yes.

**Mr. Chairman** : You move your amendment to Clause 2.

**Mr. Shahzad Gul** : Sir, I beg to move :

"That in sub-clause (1) of Clause 2 of the Bill, in the proposed sub-section (1) of Section 14 for the words "negotiable interest free Government Bonds redeemable after three years" the words "Government Bonds redeemable at any time at the option of the Government within a period of three years and carrying a rate of interest one percent above the bank rate as notified by the State Bank from time to time. The Bonds shall be negotiable and shall also be eligible as security for advances" be substituted."

**Mr. Chairman** : The amendment before the House is :

"That in sub-clause (1) of Clause 2 of the Bill, in the proposed sub-section (1) of Section 14 for the words "negotiable interest free Government Bonds redeemable after three years" the words "Government Bonds redeemable at any time at the option of the Government within a period of three years and carrying a rate of interest one percent above the bank rate as notified by the State Bank from time to time. The Bonds shall be negotiable and shall also be eligible as security for advances" be substituted."

**Ch. Mohammad Hanif Khan** : Sir, I oppose it. The next amendment by Khawaja Mohammad Safdar is the same. I oppose both.

